*(Translation)*

# THE GAMBLING ACT

No. II of 1305 F.

---

Sections.

Preamble.

1. Title, extent and commencement.
2. Repeal of Acts, rules and Circulars mentioned in schedule appended hereto.
3. Definitions.
4. Penalty for owner occupier or person using common gambling house.

# قانون قمار بازی

نشان (۲) ۱۳۰۵ف

---

دفعہ -

تمہید -

۱ نام قانون و وسعت و تاریخ نفاذ

۲ قوانین و قواعد و گشتیات مندرجہ ضمیمہ منسلکہ کی تنسیخ -

۳ تعریفات -

۴ مالک یا دخیل یا استعمال کرنے والے عام قمار خانہ کی تعزیر -

5. Penalty for being present in a gambling house.
6. Entry for search and entry by police.
7. Finding cards, etc., in suspected houses is evidence that such houses are common gambling houses.

8. Penalty for persons apprehended for giving false names or address.

9. Instruments of gambling to be destroyed, on conviction for keeping gambling house.

10. Proof of playing for stake unnecessary.

11. Magistrate empowered to require any person apprehended to be sworn in and give evidence.

12. Witnesses indemnified.

13. Penalty for setting birds and animals in public streets.

14. Kinds of games to which this Act does not apply.

15. Offences by whom triable.

16. Penalty for subsequent offences.

17. Portion of fine may be paid to informant.

18. Manner of recovery of fine and expenses.

19. Offences under this Act are bailable.

Schedule.

---



۸ اون اشخاص کی نسبت تعزیر جو غلط نام یا پتہ بتانے کی وجہ سے گرفتار کئے گئے ہوں

۹ قمارخانہ رکھنے کی سزایابی پر آلات قمار بازی کا اتلاف -

۱۰ بازی لگا کر کھیلنے کا ثبوت غیر ضروری -

11. Magistrate empowered to require any person apprehended to be sworn in and give evidence.

۱۲ مواخذہ سے برأت گواہان -

۱۳ شارع عام پر طیور اور حیوانات کو لڑانے کی بابت تعزیر -

۱۴ کھیل کے اقسام جن سے یہ قانون متعلق نہیں ہے -

۱۵ تحقیقات جرائم کون کریگا -

۱۶ مکرر ارتکاب جرم کی سزا -

۱۷ جائز ہے کہ ایک جزو جرمانہ مخبر کو دیا جائے

۱۸ طریقہ وصول جرمانہ اور مصارف -

۱۹ جرائم محکومہ قانون ہذا قابل ضمانت ہیں -

ضمیمہ -

# THE GAMBLING ACT

## No. II of 1305 F.

**(Received the assent of the Madarul-Moham of Hyderabad on 26th Dai 1305 Fasli corresponding to 13th Jamadiussani 1313 Hijri).**

Preamble. Whereas it is expedient to make provision for the punishment of gambling in public and the keeping of common gambling houses in *[His Highness the Nizam's Dominions;] It is hereby enacted as follows:—

Title, extent and commencement. 1. This act †shall be called the Gambling Act and it shall extend to the whole of *[His Highness the Nizam's Dominions] and come into force from the 1st Farwardi 1305 Fasli.

Repeal of Acts, Rules and Circulars mentioned in schedule appended hereto. 2. From the date aforesaid all Acts, Rules, Circulars and Orders mentioned in the Schedule appended to this Act shall be repealed as specified in column II of the said Schedule.

*As amended by sub-section (7) of Sec. 2 Act No. III of 1308 Fasli.

†Published in the Jarida, dated 3rd Isfandar 1305 Fasli.

# قانون قماربازی

## نشان (۲) ۱۳۰۵ف

(پیشگاہ نواب مدارالمہام سرکارعالی سے بتاریخ ۲۶ دے ۱۳۰۵ف م ۱۳ جمادی الثانی ۱۳۱۳ھ منظور ہوا)

تمہید — ہرگاہ [ممالک محروسہ سرکارعالی] میں بہ مجمع عام قماربازی کرنے اور عام قمارخانے رکھنے کی سزا کے لئے قانون منضبط کرنا قرین مصلحت ہے۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:—

قانون وسعت وتاریخ نفاذ — دفعہ ۱ — قانون بنام "قانون قماربازی" موسوم کیا جائے اور کل ممالک محروسہ سرکارعالی سے متعلق اور یکم فروردی ۱۳۰۵ف سے نافذ ہوگا۔

قوانین وقواعد وگشتیات مندرجہ ضمیمہ منسلکہ کی تنسیخ — دفعہ ۲ — تاریخ مذکورہ بالا سے تمام قوانین وقواعد وگشتیات اور احکام مندرجہ ضمیمہ منسلکہ قانون ہذا حسب صراحت خانہ سوم ضمیمہ مذکورہ منسوخ ہوجائینگے۔

ـــــ ترمیم بموجب دفعہ (۲) ضمن (۷) قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

ع ـــــ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۳۔ اسفندار ۱۳۰۵ف میں شائع ہوا

Definitions.

3. ‡[(1) In this Act " common gambling house " means a house or premises or enclosure or open space in which cards or dice or table or other instruments or gain of the person owning, occupying, using or keeping such house, premises, enclosure or open space whether by such profit or gain by way of charge for the use of the instruments of gambling or of the house, premises, enclosure or open space or otherwise howsoever.

*Explanation*:—The word " house " includes a tent and all enclosed space].

تعریفات — دفعہ ۳۔ [(۱) اس قانون میں عام "قمارخانہ" سے ہر مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ مراد ہے جس میں تاش یا پانسہ یا تختہ یا اور آلات یا ذرائع قمار بازی شخص مالک یا دخیل یا استعمال کرنے والے یا رکھنے والے مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ کے منفعت یا محاصل کے واسطے رکھے ہوں یا مستعمل ہوں عام اس سے کہ وہ منفعت یا محاصل استعمال آلات قمار بازی یا مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ کے معاوضہ میں ہو یا کسی دوسرے طور پر۔

تشریح۔ لفظ "مکان" میں خیمہ اور تمام محدود جگہ داخل ہے]۔

*[(2) In this Act " gambling " includes wagering or betting except wagering or betting upon a horse-race, when such wagering or betting takes place—

(*a*) on the day on which such race is to be run,

(*b*) in an enclosure which the stewards controlling such race have, with the sanction of the Government, set apart for the purpose, and

(*c*) (i) with a licensed bookmaker, or

(ii) by means of totalisator as defined in section 12 of the Hyderabad Horse Racing and Betting Tax Regulation, 1358 Fasli,

but does not include a lottery].

‡ As amended by Section 2 of Act No. X of 1354 Fasli.

‡ ترمیم بموجب دفعہ ۲ قانون نشان (۱۰) ۱۳۵۴ف

*As amended by Regulation No. 49 of 1358 F., published in Gazette Extraordinary dated 27th Amardad 1358 F. This amendment will come into force from 1st September 1949. Vide Gazette Extraordinary dated 6th Sherewar 1358 F.

*[(3) "Instrument of gambling" include the articles which are the accessories of gambling or which are used for carrying on gambling or as a means of gambling or for facilitating gambling and also include any books, tickets, board and other documents used or to be used as register, record or evidence of gambling].

**Penalty for owner, occupier or person using common gambling house.**

4. †[(1) Whoever, being the owner or occupier or having the use of any house or premises or enclosure or open space, opens, keeps or uses the same as a common gambling house and whoever, being the owner or occupier of the aforesaid house or premises or enclosure or open space, knowingly or wilfully permits the same to be opened, occupied, kept or used by any other person as a common gambling house, and

Whoever has the care or management of or in any manner assists in conducting the business of, any such house, enclosure or open space as

*As amended by Section 2 of Act No. X of 1354 F.
†As amended by Section 3 of Act No. X of 1354 F.



عہ[(۳) آلات قماربازی میں وہ اشیاء داخل ہیں جو قماربازی کے لواحقات میں سے ہوں یا قماربازی کرنے کے لئے یا بطور ذرائع قماربازی یا قماربازی میں سہولت بہم پہونچانے کے لئے استعمال کئے جائیں اور اس میں ایسی کتب۔ ٹکٹ ۔تختہ اور دیگر دستاویزات بھی داخل ہیں جو بطور کتابچہ۔ یادداشت یا شہادت قماربازی استعمال کئے گئے یا کئے جانے والے ہوں]۔

**مالک یا دخیل یا استعمال کرنے والے عام قمارخانہ کی تعزیر**

دفعہ ۴ ۔ ـہ[(۱) جو شخص مالک یا دخیل یا استعمال کرنے والا کسی مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ کو عام قمارخانہ کے طور پر کھولے یا رکھے یا استعمال میں لائے اور جو شخص کسی مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ مذکورۂ بالا کا مالک یا دخیل جان بوجھ کر یا بالارادہ کسی دوسرے شخص کو عام قمارخانہ کے طور پر اوسے کھولنے یا دخل کرنے یا رکھنے یا استعمال میں لانے دے۔ اور

جو شخص کسی ایسے مکان یا احاطہ یا جائے محصور یا کھلی ہوئی جگہ مذکورۂ بالا کے کاروبار میں جو بغرض مذکورۂ بالا کھولا گیا یا دخل میں لایا گیا یا رکھا گیا یا استعمال میں لایا

عہ۔ ترمیم بموجب دفعہ ۲ قانون نشان (۱۰) ۱۳۵۴ف
ـہ ترمیم بموجب دفعہ ۳ قانون نشان (۱۰) ۱۳۵۴ف

aforesaid, opened, occupied, used or kept for the aforesaid purpose, and

Whoever advances or furnishes money for the purpose of gambling with persons frequenting such house, enclosure or open space,

Shall be liable to a fine not exceeding two hundred rupees or to imprisonment, simple or rigorous, for a term not exceeding three months].

*[(2) Whoever opens or keeps or uses or permits to open or keep or use any house or premises or enclosure or open space for the purposes of gambling shall be punished with imprisonment, rigorous or simple, for a term not exceeding three months or for each such day on which such a house or premises or enclosure or an open space is likewise opened or used with a fine not exceeding five hundred rupees, or with both].

*As amended by Section 3 of Act No. X of 1354 F.



گیا ہو خبر گیری یا اہتمام کرتا ہو یا کسی طور پر اوس کے اجراء میں مدد دیتا ہو ۔ اور

جو شخص اون اشخاص کے ساتھ قماربازی کی غرض سے جو ایسے مکان یا احاطہ یا جائے محصورہ یا کھلی ہوئی جگہ میں آیا کرتے ہوں روپیہ دے یا بہم پہنچائے ۔

وہ جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی مقدار دوسو روپیہ سے زائد نہ ہو یا قید بامشقت یا بلا مشقت کا مستوجب ہوگا جس کی میعاد تین مہینے سے زیادہ نہ ہو ۔

(۲) ۔ جو شخص قماربازی کی غرض سے کوئی مکان یا احاطہ یا جائے محصورہ یا کھلی ہوئی جگہ کھولے یا رکھے یا استعمال کرے یا کھولنے یا رکھنے یا استعمال کرنے کی اجازت دے اوسے قید بامشقت یا بلا مشقت کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد تین ماہ سے زائد نہ ہوسکے گی یا ایسے ہر اوس دن کی بابت جب ایسے مکان یا احاطہ یا جائے محصورہ یا کھلی ہوئی جگہ کو اسی طرح کھلا رکھا یا استعمال میں لایا گیا ہو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار پانسو روپیہ سے زائد نہ ہوسکے گی یا ہر دو سزائیں دی جائیں گی ۔

ترمیم بموجب دفعہ ۳ قانون نشان (۱۰) ۱۳۵۴ف

Penalty for being present in a gambling house.

*[5. Whoever is found in any such house or premises enclosure or open space, gambling or present for the purpose of gambling with cards, dice, counter or money or other instruments or means of gambling whether playing for any amount of money, or wagering, or betting or otherwise, shall be liable to a fine not exceeding one hundred rupees or to imprisonment, simple or rigorous, for a term not exceeding one month ;

and whoever is found in any common gambling house during any betting or playing therein shall be presumed, until the contrary is proved, to have been there for the purpose of gambling.

Entry for search and entry by Police.

6. If the District Magistrate or the Magistrate of the first class or the District Superintendent of Police (or the Inspector of Police in the City and suburbs of Hyderabad) on credible information and after such enquiries as he may deem necessary, has reason to believe that any house or premises or enclosure or an open space is used as a common gambling house, he shall be empowered to enter or authorise any Police Officer, not below the rank of a Sub-Inspector to enter with such assistance as may be found necessary, by night or by day, and by force, if necessary, any such house or premises or enclosure or open space, and it shall be proper to arrest all persons whom the said Magistrate or Superintendent or Inspector of Police finds therein or to allow the Police Officer so authorised to arrest such persons whether or not they are actually gambling, and

*As amended by Act No. VI of 1953.

Seize or authorise the said officer to seize all instruments of gambling and all moneys and securities for money and valuable articles, reasonably suspected to have been used or intended to be used for the purpose of gambling and which are found therein, and

search or authorise such Police Officer to search all parts of the house or premises or enclosure or open space, which he or such officer shall have so entered when he or such officer has reason to believe that any instruments of gambling are concealed therein and also the persons whom he or such officer had so arrested and seize and keep in his possession all such instruments of gambling as are found in the search.

*Explanation*:—In this section the expression "City and suburbs of Hyderabad" shall be deemed to include Secunderabad, Trimulgherry and Bolarum.

Finding cards, etc., in suspected houses is evidence that such houses are common gambing houses.

*7. When any cards or dice or table or other instruments or means of gambling have been found in any house or premises or enclosure or open space entered or searched in accordance with the provision of Section 6 or have been found with any of the persons therein, it shall be evidence, until the contrary is proved, that such house, premises or enclosure or open space is used as a Common gambling house and the persons found therein were present for the purposes of gambling although no play was actually witnessed by the Magistrate or the Police Officer or any of his assistants].

*As amended by Act No. VI of 1953.

**Penalty for persons apprehended for giving false names or address.**

8. If any person in any common gambling house entered by Magistrate or Police Officer under the provisions of this Act, upon being apprehended by the Magistrate or the Officer or upon being brought before a Magistrate, refuses or neglects to give his name and address or gives any false name or address, when the Magistrate or the Officer asking his name and address, he may, on conviction before the same or any other Magistrate be liable to a fine not exceeding two hundred rupees and on the non recovery of such a fine or in the very first instance, if such Magistrate thinks fit, shall be liable to imprisonment for a term not exceeding one month.

**Instruments of gambling to be destroyed, on conviction for keeping gambling house.**

9. On conviction of any person for keeping or using a common gambling house or being present there in for the purpose of gambling, the conviction Magistrate may order all the instruments of gambling found therein to be destroyed and may also order all or any of the securities for money and other articles found, not being instruments of gambling, to be sold wholly or partly for money and the proceeds thereof with all money found therein to be forfeited or in his discretion, may order any part thereof to be returned



**اون اشخاص کی نسبت تعزیر جو غلط نام یا پتہ بتانے کی وجہ سے گرفتار کئے گئے ہوں**

دفعہ ۸ - اگر کوئی شخص کسی عام قمار خانے میں جہاں ناظم فوجداری یا عہدہ دار کوتوالی بموجب احکام قانون ہذا داخل ہوا ہو اوس ناظم یا عہدہ دار کے ہاتھ سے گرفتار ہونے یا کسی ناظم فوجداری کے روبرو لائے جانے پر اوس وقت جب کہ وہ ناظم فوجداری یا عہدہ دار اوس کا نام اور پتہ دریافت کرے نام اور پتہ مذکور بتانے میں انکار یا غفلت کرے یا غلط نام یا پتہ بتائے تو بوقت ثبوت جرم اُس ہی یا دیگر ناظم فوجداری کے روبرو اوس قدر جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی تعداد دو سو روپیہ سے زائد نہ ہو اور اوس جرمانہ کے نہ وصول ہونے کی صورت میں یا اول ہی مرتبہ اگر اوس ناظم فوجداری کو مناسب معلوم ہو اوس قید کا مستوجب ہوگا جس کی میعاد ایک مہینہ سے زیادہ نہ ہو۔

**قمار خانہ رکھنے کی سزایابی پر آلات قمار بازی کا اتلاف**

دفعہ ۹ - جب کسی شخص پر کسی ایسے عام قمار خانہ رکھنے یا استعمال میں لانے کا۔ یا اوس میں بغرض قمار بازی موجود ہونے کا جرم ثابت ہو تو ناظم فوجداری مجوز مقدمہ حکم دے سکتا ہے کہ تمام آلات قمار بازی جو وہاں پائے جائیں تلف کئے جائیں اور یہ حکم دینے کا بھی اُس کو اختیار ہوگا کہ کفالت نامہ جات زر نقد اور دیگر اشیاء دستیاب شدہ جو از قسم آلات قمار بازی نہ ہوں کلاً یا

to the persons appearing to be severally entitled thereto.

جو ا بقیمت زر نقد فروخت کئے جائیں اور ان کی قیمت مع تمام زر نقد دستیاب شدہ ضبط کی جائے ۔ یا حسب صوابدید خود یہ حکم دے سکتا ہے کہ اوس کا کوئی جزو ان اشخاص کو جو منفرداً اس کے مستحق متصور ہوں واپس دیا جائے ۔

Proof of playing for stake unnecessary.

10. It shall not be necessary, in order to convict any person of keeping a common gambling house or of being concerned in the management of such house, to prove that any person found gambling was playing for money, wager or stake.

بازی لگا کر کھیلنے کا ثبوت غیر ضروری

دفعہ ۱۰ ۔ عام قمار خانہ رکھنے یا ایسے مکان کے اہتمام میں صاحب تعلق ہونے کی علت میں کسی شخص پر اثبات جرم کے واسطے اس امر کا ثابت کرنا لازم نہیں ہے کہ جو شخص کسی قسم کا جوا کھیلتا ہوا پایا گیا ہو وہ کسی قدر زر نقد یا بازی یا شرط کے واسطے کھیلتا تھا ۔

Magistrate empowered to require any person apprehended to be sworn in and give evidence.

*[11 It shall be lawful for the Magistrate, before whom such persons shall be brought who have been found in any house or premises or enclosure or open space entered into under the provisions of this Act, to require any such persons to be examined on oath or solemn affirmation and give evidence relating to any gambling in such house or premises or enclosure or open space or relating to any act done for the purpose of preventing, obstructing or delaying entry into such house or premises or enclosure or open space or any part thereof of any Magistrate or Officer authorised as aforesaid, and

* As amended by Act No. VI of 1953, published in Gazette Extraordinary No. 57 dated 24th April, 1953.

the person so required to give statement or evidence as a witness shall not be excused from so doing when brought before such Magistrate as aforesaid or from being so examined at any subsequent time by or before the same or any other Magistrate or by or before any Court in any proceeding or trial in any way relating to such gambling or any such acts as aforesaid or from answering any question put to him relating to the matters aforesaid, on the ground that his evidence shall tend to criminate himself and any person so required to be examined as a witness who refuses to take oath or affirmation accordingly, or to answer any such question as aforesaid, shall be liable to simple imprisonment for a term not exceeding six months or a fine not exceeding one thousand rupees or to both.]

(*Translation*)

Witnesses indemnified.

12. Any person who shall have been concerned in gambling in contravention of this Act, and who shall be examined as a witness before a Magistrate on the trial of any person for a breach of the provisions of this Act, and who upon such examination, shall, in the opinion of the Magistrate, make true and satisfactory discovery to the best of his knowledge of all matters as to which he shall be so examined, and who shall thereupon receive an order in writing from the said Magistrate to that effect, shall be freed from all prosecutions under this Act for anything done before that time in respect of such gambling.

Penalty for setting birds and animals in public streets.

*[13. (1) A Police Officer shall be empowered to apprehend without warrant any person found gambling, for money or other valuable thing, with cards, dice, counter or other instruments and means of gambling used in gambling in any public street or thoroughfare or public place or open space, or

†[ Any person setting a bird or animal to fight or sets any bird to fly at stakes in any public street, thoroughfare or public place or open space or any other place or in his own house,] or

Any person there present aiding

*Amended by Section 4 of Act No. X of 1354 F.

†Amended by Section 2 of Act No. II of 1338 F.



مواخذہ سے برات گواہان

دفعہ ۱۲ - جو شخص خلاف قانون ہذا قمار بازی سے تعلق رکھتا ہو اور اُس کا اظہار بطور گواہ کسی ناظم فوجداری کے روبرو کسی شخص کی تجویز کے وقت جو بعلت خلاف ورزی احکام قانون ہذا عمل میں آئی ہو لیا جائے اور وہ اس اظہار پر ناظم فوجداری کی رائے میں راست اور حسب اطمینان اون تمام امور کا جن کی نسبت اوس کا اظہار لیا گیا ہو اپنے علم کی انتہا تک انکشاف حال کرے تو اوس کو ناظم فوجداری مذکور حکم تحریری اوس ہی مضمون کا عطا کرے گا اور اوس وقت سے قبل قمار بازی مذکور کے متعلق جو فعل اوس سے سرزد ہوا ہو اوس کی بابت جملہ مواخذات قانون ہذا سے وہ شخص اظہار دہندہ معاف کیا جائے گا۔

شارع عام پر طیور اور حیوانات کو لڑانے کی بابت تعزیر —

دفعہ ۱۳ [۱] - (۱) عہدہ دار کوتوالی کو اختیار ہوگا کہ جو شخص زر نقد یا کسی دوسرے شئے مالیتی پر تاش یا پانسہ یا آدہ شمار یا دیگر آلات یا ذرائع قمار بازی سے جن کا استعمال قمار بازی میں ہوتا ہو کسی شارع یا گذرگاہ یا مقام عام یا کھلی ہوئی جگہ پر قمار بازی کرتا ہوا پایا جاوے - یا

جو شخص [۲] کسی شارع یا گذرگاہ یا مقام یا کھلی

[۱] ترمیم بموجب دفعہ ۴ قانون نشان (۱۰) ۱۳۵۴ف

[۲] ترمیم بموجب دفعہ ۲ قانون نشان (۲) ۱۳۳۸ف

*(Translation)*

and a betting fighting of birds and animals in public.

Such person when apprehended, as aforesaid, shall be brought without delay before a Magistrate and, on conviction, shall be liable to a fine not exceeding fifty rupees or to imprisonment, simple or rigorous for a term not exceeding one month, and

Such Police Officer shall be empowered to seize all instruments of gambling, birds and animals found in such public place or with the persons arrested and it shall be lawful for the Magistrate at the time of conviction, to order such instruments to be forthwith destroyed and the birds and animals to be forfeited to the †[Government] and sold.

*[(2) Every Police Officer, not below the rank of a Jamedar, shall be empowered to apprehend without warant any person found gambling in any public street, thoroughfare or public place or such persons present and there

†Amended by Sub-section (9) of Section (2) of Act No. III of 1308 F.

*Amended by Section 4 Act No. X of 1354 Fasli.



ہوئی جگہ میں یا اور کسی مقام پر یا اپنے مکان میں کسی
پرندہ یا حیوانات کو بازی لگا کر لڑانے کے لئے موجود
کرے یا کسی پرندہ کو بازی لگا کر اڑائے ۔ یا
جو شخص وہاں موجود ہو کر پرندہ اور حیوانات
کی لڑائی میں بہ مجمع عام مدد و معاون ہو اوس کو بلا
حکم تحریری گرفتار کرے ۔

ایسا شخص مذکور الصدر گرفتاری کے بعد بلا توقف
ناظم فوجداری کے روبرو دلایا جائے گا اور وہ ثبوت
جرم پر جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی مقدار پچاس روپیہ
سے زائد نہ ہو یا قید محض یا قید سخت کا مستوجب ہوگا
جس کی میعاد ایک مہینہ سے زیادہ نہ ہو ۔ اور

اوس عہدہ دار کوتوالی کو اختیار ہوگا کہ
تمام آلات قماربازی اور پرندے اور حیوانات کو
جو اوس جگہ مجمع عام میں یا اشخاص گرفتار شدہ کے
پاس پائے جائیں گرفتار کرے اور ناظم فوجداری کو جائز ہوگا کہ بوقت
ثبوت جرم اُن آلات کو فوراً تلف کر دینے کا اور پرندے اور
حیوانات کو ضبط سرکار عالی[1] اور فروخت ہونے کا حکم دے ۔

(۲)[2] ۔ ہر عہدہ دار کوتوالی کو جس کا درجہ
جمعدار سے کم نہ ہو اختیار ہوگا کہ اوس شخص کو جو
کسی شارع عام گزرگاہ یا مقام عام میں قماربازی کرتا

[1] ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن ۹ قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

[2] ترمیم بموجب دفعہ ۴ قانون نشان (۱۰) ۱۳۵۴ف

aiding or abetting such gambling, such person on arrest shall be produced before a Magistrate without delay and on conviction, shall be liable to a fine not exceeding five hundred rupees or to imprisonment simple or rigorous not exceeding a term of one month. Such Police Officer shall be empowered to enter and search for the purpose of seizing articles suspected to have been used or to be used in committing an act which is an offence under this section and may seize all such instruments of gambling found in such a place or on the persons arrested and the Magistrate may, on conviction, order such instruments to be forthwith destroyed.]

*[(3) Any person who prints, publishes, sells, distributes or in any other manner circulates any newspaper or news sheet or anyother documentor any news or information with the intention that it would help or facilitate gambling shall be liable to punishment as mentioned in sub-section (2) and every Police Officer, not below the rank of a Jamedar may arrest him without warrant.]

*As amended by Section 4, Act No. X of 1354 Fasli.



ہوا پایا جائے یا ایسے اشخاص کو جو وہاں موجود ہوں اور ایسی قمار بازی کی مدد یا اعانت کر رہے ہوں بلا حکم نامہ گرفتاری گرفتار کرے ایسا شخص بعد گرفتاری بلا تاخیر ناظم فوجداری کے روبرو حاضر لایا جائے گا اور وہ بصورت ثبوت جرم جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی مقدار پانسو روپیہ سے زائد نہ ہوسکے گی یا قید بلا مشقت یا بامشقت کا مستوجب ہوگا جسکی میعاد ایک ماہ سے زائد نہ ہوسکے گی۔ ایسے عہدہ دار کوتوالی کو اختیار ہوگا کہ وہ ان اشیاء کی ضبطی کیلئے جن کے متعلق یہ شبہ ہو کہ وہ کسی ایسے فعل کے ارتکاب میں استعمال کی گئی یا کی جانے والی ہوں جو تحت دفعہ ہذا جرم ہے اور وہ تمام آلات قمار بازی کو جو ایسے مقام پر یا ایسے اشخاص گرفتار شدہ کے پاس پائے اور اوس مقام میں داخل ہو۔ تلاشی لے اور ضبط کرے اور ناظم فوجداری اوس کا مجاز ہوگا کہ ایسے آلات کو بعد ثبوت جرم فوراً تلف کر دینے کا حکم دے۔

(۳) کوئی شخص جو کسی اخبار صفحۂ اخبار یا کسی اور دستاویز یا کسی خبر یا اطلاع کو اس غرض سے کہ وہ قمار بازی میں مدد دے سکے یا اوس میں سہولت بہم پہنچائے طبع یا شائع کرتا یا فروخت کرتا یا تقسیم یا کسی اور طرح سے نشر کرتا ہو وہ اوسی سزا کا مستوجب ہوگا جو ضمن (۲) میں مذکور ہے اور اوس کو ہر عہدہ دار کوتوالی جس کا درجہ جمعدار سے کم نہ ہو بلا حکم نامہ

14. Nothing contained in this Act shall apply to any game of mere skill wherever played.

**Kinds of games to which this Act does not apply.**

15. Offences punishable under this Act may be tried by every Magistrate having Jurisdiction in the place where the offence has been committed but the said Magistrate shall be restrained within the limits of his powers as to the amount of fine or term of imprisonment he may inflict.

**Offences by whom triable.**

16. Whoever, having been convicted of an offence punishable under section 4 or section 5 of this Act, is again guilty of an offence punishable under either of the said sections, shall be subject, for every such subsequent offence, to double the punishment to which he would have been liable for the first commission of an offence of the same description.

**Penalty for subsequent offences.**

17. The Magistrate trying a case may direct any portion, not exceeding one third, of any fine recovered under sections 4 and 5 of this Act or of the moneys or proceeds of articles, birds and

**Portion of fine may be paid to informant.**



گرفتاری گرفتار کر سکے گا۔

**کھیل کے اقسام جن سے یہ قانون متعلق نہیں ہے۔**

دفعہ ۱۴۔ اس قانون کی کوئی عبارت کسی ایسی بازی سے متعلق نہ ہوگی جو بطور ہنرمندی کے کسی جگہ پر کی جائے۔

**تحقیقات جرائم کون کرے گا۔**

دفعہ ۱۵۔ اون جرایم کی تحقیقات جو حسب قانون ہذا قابل سزا ہیں۔ ہر ناظم فوجداری کر سکے گا جس کو اختیارات نظامت فوجداری اوس مقام میں جہاں وہ جرم سرزد ہوا ہو حاصل ہوں لیکن ناظم فوجداری مذکور مقدار جرمانہ یا میعاد قید کی نسبت جس کا وہ حکم دے اپنے عام اختیارات کے حدود کا پابند رہے گا۔

**مکرر ارتکاب جرم کی سزا۔**

دفعہ ۱۶۔ جو شخص جرم قابل سزائے محکومہ دفعہ ۴ یا دفعہ ۵ قانون ہذا کا مجرم ثابت ہو کر دوبارہ مجرم کسی جرم قابل سزائے محکومہ کسی دفعہ کا اون دونوں دفعات میں سے ہو وہ ہر ایسے جرم مابعد کے واسطے مستوجب چند دو اوس سزا کا ہوگا جو اوس پر اوسی قسم کے جرم کے ارتکاب اول کے لئے عائد ہوتی۔

**جائز ہے کہ ایک جزو جرمانہ مخبر کو دیا جائے۔**

دفعہ ۱۷۔ ناظم فوجداری مجوز مقدمہ کو اختیار ہوگا کہ اوس جرمانہ میں سے جو حسب دفعات ۴ و ۵ قانون ہذا وصول ہوا ہو یا اوس زر نقد یا

animals, after they are found and ordered to be forfeited under this Act to be paid to an informant.

**Manner of recovery of fine and expenses.**

18. A fine imposed in accordance with this Act shall be recovered as the amounts of fine are recovered in ordinary Criminal Court; the fine so recovered shall be credited to the Judicial Department in the *[Government] Treasury after deducting the expenses mentioned in Section 17.

**Offences under this Act are bailable.**

19. All offences under this Act shall be bailable. When a person is arrested or detained without warrant by a Police Officer or appears or is brought before a Magistrate and is prepared at any time while in the custody of any Police Officer or at any stage of the proceedings before a Magistrate to give bail, he shall be released on bail, and such officer or Magistrate, if he thinks fit, may instead of taking the bail from the accused, discharge him on condition that he executes a bond without sureties with a promise that he shall appear when required by the officer or the Magistrate.

*Amended by sub-section 9 of section 2 of Act No. III of 1308 F.



اون اشیاء اور پرندے اور حیوانات کی قیمت مین سے جن کی دستیابی کے بعد حسب قانون ہذا ضبطی کا حکم ہوا ہو کسی قدر جزو جو ایک ثلث سے زیادہ نہ ہو مخبر کو دیئے جانے کا حکم صادر کرے ۔

**طریقہ وصول جرمانہ اور مصارف**

دفعہ ۱۸ ۔ اس قانون کے بموجب جو جرمانہ کیا جائے وہ اوسی طرح وصول کیا جائے گا جیسے کہ عام فوجداری عدالتوں میں رقوم جرمانہ وصول کی جاتی ہیں ۔ جرمانہ کی جو رقم وصول ہو وہ بعد منہائی مصارف مندرجہ دفعہ ۱۷ خزانہ سرکار عالی میں بہ حساب عدالت جمع کی جائے گی ۔

**جرائم محکومہ قانون ہذا قابل ضمانت ہیں ۔**

دفعہ ۱۹ ۔ تمام جرائم محکومہ قانون ہذا قابل ضمانت ہوں گے ۔ جب کوئی شخص بلا حکمنامہ گرفتاری عہدہ دار کوتوالی کی معرفت گرفتار کیا جائے یا نظر بند رکھا جائے یا کسی ناظم فوجداری کے روبرو حاضر آئے یا حاضر کیا جائے اور ان ایام میں کسی وقت عہدہ دار کوتوالی کی حراست میں رہے یا کارروائی ناظم فوجداری کی کسی نوبت پر ضمانت دینے کو مستعد ہو تو وہ ضمانت پر رہا کیا جائے گا اور نیز ایسا عہدہ دار یا ناظم اگر مناسب سمجھے مجاز ہوگا کہ شخص ملزم سے

؎ ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن (۹) قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف

ضمانت لینے کی بجائے اوس کو اس شرط پر
رخصت ہونے کی اجازت دے کہ وہ مچلکہ بلاشمول
ضمانت اس اقرار سے لکھدے کہ وہ حسب الحکم
عہدہ دار یا ناظم مذکور حاضر ہوگا۔

---

*(Translation)*

## SCHEDULE.

**List of Rules, Circulars & Orders repealed by the Gambling Act.**

| Order of Circular etc. | No. & date with year. | How much repealed. | Remarks |
|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 |
| The Taluka Appeal Circular addressed to the Taluqdar, Naldrug and copies to other District Taluqdars. | 158 dated 29th Rabi-us-Sani 1280 Hijri | Full | |
| Orders of the Judicial Minister. | 13th Rabi-ul-awwal 1306 Hijri. | Full | |
| Circular letter of the Judicial Member addressed to the Nazims of the Courts. | V/Criminal Court 8th Safar 1295 H. | Full | |

## ضمیمہ

**فہرست قواعد و گشتیات و احکام منسوخ شدہ از روئے قانون قمار بازی**

| حکم یا گشتی وغیرہ | نشان و تاریخ بقید سنہ | کس قدر منسوخ ہوا | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ |
| گشتی مرافعہ تعلقہ موسومہ تعلقدار نلدرگ و مثنیٰ بہ دیگر تعلقداران اضلاع۔ | نشان ۱۵۸ مورخہ ۲۹ ربیع الثانی ۱۲۸۰ھ | کل | |
| حکم مدار المہام علاقہ عدالت | مورخہ ۱۳ ربیع الاول ۱۳۰۶ھ | " | |
| گشتی صدر المہام عدالت موسومہ نظماء عدالت۔ | نشان فوجداری مورخہ ۸ صفر ۱۲۹۵ھ | " | |